**21.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

……………………………….

☆ پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس ختم ہوگیا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اجلاس کو ملک اور حکومت کیلئے انتہائی سود مند قرار دیا۔

☆ پارلیمنٹ نے آن لائن گیمنگ کی تشہیر اور انضباط سے متعلق بل کو منظوری دے دی ہے تاکہ نوجوانوں اور دیگر زَد پذیر آبادی کو مخالف اثرات سے محفوظ کیا جاسکے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے فرانس کے صدر ایمنول میخواں سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ انہوں نے یوکرین اور مغربی ایشیا میں امن کی کوششوں پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ماسکو میں اپنے روسی ہم منصب سرگئی لیف رَوف سے باہمی تعلقات کے تمام امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ مغربی بنگال سرکار نے ووٹر فہرستوں میں بے ضابطگیوں کے سلسلے میں چار افسران کو معطل کر دیا ہے۔

☆ دیوالی اور چھٹ تہواروں کے دوران ریلویز 12 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

☆ کھیلو انڈیا، آبی کھیلوں کا فیسٹول، سرینگر کی شہرۂ آفاق ڈل جھیل میں شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور... ایشین شوٹنگ چمپئن شپ میں بھارتی مردوں کی ٹیم اور مانسی رگھو وَنشی نے اپنے اپنے کھیلوں میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

……………………………….

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Parl Sine Die**

پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کیے جانے کے ساتھ آج ختم ہوگیا۔ لوک سبھا میں آج کارروائی پہلی مرتبہ ملتوی کیے جانے کے بعد جب دوپہر 12 بجے ایوان میں ممبران جمع ہوئے تو لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اجلاس کے دوران ہوئے تمام کام کاج کی ایوان کو اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن سندور کے بارے میں ایک دو روزہ خصوصی بحث ہوئی جو وزیر اعظم کے جواب کے ساتھ ختم ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت کے خلائی پروگرام کی حصولیابیوں پر ایک خصوصی بحث کا اہتمام کیا گیا۔ رخنہ

اندازیوں کی وجہ سے وقت کے ضیاع پر جناب برلا نے ناخوشی کا اظہار کیا۔

S/B: 1605- Speaker OM Birla on Oppostion

راجیہ سبھا میں آج ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کیے جانے سے قبل آئین میں 130ویں ترمیم سے متعلق بل، مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی حکومت سے متعلق ترمیمی بل اور جموں وکشمیر کی تنظیمِ نو سے متعلق ترمیمی بل مزید جانچ پڑتال کیلئے پارلیمنٹ کی ایک مشترکہ کمیٹی کو بھیج دیے گئے۔

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو نے کہا کہ پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس، ملک اور حکومت کیلئے انتہائی سود مند رہا۔ نئی دلّی میں آج اجلاس کی تکمیل کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب رججو نے کہا کہ پارلیمنٹ میں کئی ممبرانِ پارلیمنٹ کو بولنے کا موقع نہیں مل پایا اور اِس کی ذمہ دار خود اپوزیشن ہی ہے۔

S/B: 2100 Kiren Rijiju- Session Frt

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔.......

VC Monsoon Session

مانسون سیشن کے دوران لوک سبھا کی کارروائی 31فیصد، جب کی راجیہ سبھا کی 39فیصد تک رہی۔ اہم بلوں میں آن لائن گیمنگ کی تشہیر اور انضباط سے متعلق بل کی اور انکم ٹیکس بل اور ترمیمی قوانین بل، نیشنل اسپورٹس گورننس بل اور نیشنل اینٹی ڈوپنگ ترمیمی بل، کوسٹل شپنگ بل، اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ ترمیمی بل سمیت شامل ہیں۔ جنھیں پارلیمنٹ نے منظوری دی۔ دونوں ایوانوں نے منی پور میں صدر راج کو مزید چھ مہینے بڑھانے کیلئے ایک قانونی قرار داد بھی منظور کی۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا نے آپریشن سندور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ 32دن کے اجلاس کے دوران کُل 21نشستیں ہویں۔ مختلف معاملات پر اپوزیشن کے ہنگامہ آرائیوں کی وجہ سے اجلاس میں بار بار رخنہ پڑا اور کارروائی ملتوی کی گئی۔

آنند کمار، انوپم مشرا کی روپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے فیصل حبیب

## RS Online Gaming Bill

پارلیمنٹ نے آن لائن گیمز کی تشہیر اور اسے منضبط کرنے سے متعلق بل 2025 کو پاس کردیا ہے۔ اِس بل کو آج راجیہ سبھا میں پاس کیا گیا۔ یہ بل ای–اسپورٹس اور آن لائن سوشل گیمز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جبکہ ضرر رساں آن لائن Money گیمنگ سروسز، اشتہارات اور اُن سے تعلق رکھنے والے مالیاتی لین دین پر پابندی عائد کرتا ہے۔ اس میں، شعبے کی مربوط پالیسی مدد، جامع ترقی اور ضابطہ جاتی نگرانی کیلئے ایک آن لائن گیمنگ اتھارٹی کی تقرری کیلئے گنجائش ہے۔ اِس بل کا مقصد، افراد، خاص طور پر نوجوان اور مالی طور پر کمزور آبادی کو ایسے گیمز کے منفی، سماجی، اقتصادی، نفسیاتی اور پرائیویسی سے تعلق رکھنے والے اثرات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔ بل میں آن لائن Money گیمز کی پیشکش کرنے، آپریٹ کرنے یا سہولت فراہم کرنے پر مکمل پابندی کی گنجائش ہے۔ آن لائن Money گیمنگ سے تعلق رکھنے والے قانون کی خلاف ورزی کرنے کے معاملے میں، تین سال تک کی سزا اور ایک کروڑ روپئے تک کا جرمانہ یا دونوں عائد کرنے کی گنجائش ہے۔

بل پیش کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ آن لائن Money گیمنگ، عوام کی زندگی کیلئے ایک خطرہ بن گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آن لائن Money گیمنگ کی وجہ سے بہت سے خاندانوں کو مالیاتی تباہی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ وزیر موصوف نے اجاگر کیا کہ آن لائن Money گیمنگ نے معاشرے میں سنگین تشویش پیدا کردی ہے کیونکہ یہ کھیلنے والے کی عادت بن جاتا ہے جس کی وجہ سے اُسے مالیاتی فراڈ اور دھوکہ دہی کا سامنا ہوتا ہے۔

انھوں نے کہا کہ تقریباً 45 کروڑ افراد آئن لائن گیمز میں ہر سال تقریباً 20ہزار کروڑ روپئے گنوا دیتے ہیں۔ جناب ویشنو نے اجاگر کیا کہ بل کے تین حصے ہیں، جن کے نام ہیں :ای–اسپورٹس، آن لائن سوشل گیمز اور آن لائن Money گیمز۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ای–اسپورٹس اور آن لائن سوشل گیمنگ کی تشہیر کرے گی۔x

## PM Macron

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج فرانس کے صدر ایمنول میخواں سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ وزیر اعظم کے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں لیڈروں نے یوکرین اور مغربی ایشیا خطے میں پُر امن حل کیلئے جاری کوششوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے تنازعہ کے پُر امن حل اور امن و استحکام کی جلد از جلد بحالی کیلئے بھارت کی مستقل حمایت کا اعادہ کیا۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ دونوں لیڈروں نے باہمی تعاون کے ایجنڈے میں پیش رفت کا بھی جائزہ لیا، جس میں تجارت، دفاع، سول نیوکلیائی تعاون، ٹیکنالوجی اور توانائی شامل ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ صدر میخوں نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے جلد از جلد طے پانے کے سلسلے میں بھی اپنی حمایت کا اظہار کیا۔ x

## Jaishankar Russia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اُن کے روسی ہم منصب سرگئی لیف رَوف نے ماسکو میں آج اپنی میٹنگ کے دوران بھارت–روس باہمی تعلقات کے تمام امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ مذاکرات کے بعد ایک مشترکہ پریس بریفنگ میں ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور روس کے درمیان تعلقات، دوسری جنگِ عظیم کے بعد دنیا کے بڑے ثابت قدمی سے قائم رہنے والے تعلقات میں سے ایک رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ارضی سیاسی مرکوزیت، قائدین کے روابط اور عوامی جذبات و احساسات، بھارت–روس شراکت داری کو آگے بڑھانے والے اہم عناصر رہے ہیں۔

S/B: S Jaishaankar on Trade Imbalance

میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت، روس کے تیل کا سب سے بڑا خریدار نہیں ہے اور نہ ہی وہ روس کی LNG کا سب سے بڑا خریدار ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت ایسا ملک بھی نہیں ہے، جس نے 2022کے بعد روس کے ساتھ کاروبار میں سب سے زیادہ بڑھوتری کی ہو۔ انہوں نے اشارہ کیا کہ بھارت، امریکہ سے بھی تیل خریدتا ہے اور یہ مقدار بڑھتی جا رہی ہے۔ x

## Chouhan Lakhpati Didi

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج کہا کہ ملک کی تقریباً 2 کروڑ 80لاکھ خواتین لکھپتی دیدی بن چکی ہیں۔ نئی دلّی میں کرمچاری سنکلپ سمّلین سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے تین کروڑ لکھپتی دیدی بنانے کا نشانہ طے کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اِن میں سے کئی خواتین خود کفیل بن چکی ہیں اور کئی خواتین دس لکھپتی دیدی بننے کی جانب پیش رفت کر رہی ہیں۔ خریف کی فصل کیلئے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کو تاریخی قرار دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ اِس مہم میں زراعت کی ترقی میں قابل ذکر کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پہلی مرتبہ اتنی بڑی مہم پر عمل کیا گیا اور سائنسدانوں کی 2ہزار سے زیادہ ٹیمیں گاؤں گاؤں پہنچیں اور انہوں نے کسانوں سے بات چیت کی۔ وزیر موصوف نے اطلاع دی کہ اِس پہل سے 500سے زیادہ تحقیقی موضوعات سامنے آئے، جو ایک بڑی حصولیابی کا اشارہ ہیں۔ x

## Rajnath Shubhanshu

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلّی میں گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا سے ملاقات کی۔ جناب سنگھ نے گروپ کیپٹن شکلا کو اُن کی کامیابی پر مبارکباد دی اور اُسے انسان بردار خلائی پرواز کے شعبے میں بھارت کے سفر میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ انھوں نے گروپ کیپٹن شکلا کے ساتھ ترغیبی خلائی سفر پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب سنگھ نے کہا کہ جناب شکلا نے مدار میں جو اہم تجربات کئے وہ سائنس اور ٹیکنالوجی نیز بھارت کے رہنما گگن یان مشن کے سفر میں اہم پیشرفت ہے۔ وزیر موصوف نے بھارت کے خلائی پروگرام میں بھارتی فضائیہ کے اہم رول کو بھی اجاگر کیا جس میں، بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO کے ساتھ تال میل سے، خلا بازوں کا انتخاب، تربیت اور مشن کی مدد کرنا شامل ہے۔x

## EC Meeting

انتخابی کمیشن نے آج نئی دلّی میں جنتا دل کے ایک وفد کے ساتھ میٹنگ کی۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے یہ میٹنگ، قومی و ریاستی سیاسی پارٹیوں کے ساتھ انتخابی کمیشن کے جاری تبادلۂ خیال کے حصے کے طور پر کی ہے، جس کا مقصد سودمند تبادلۂ خیال کے ذریعے انتخابی عمل کو مستحکم کرنا ہے۔ گذشتہ 150 سے زیادہ دن میں کمیشن نے ملک بھر میں چار ہزار 700سے زیادہ کُل پارٹی میٹنگیں منعقد کی ہیں جس میں 28ہزار سے زیادہ نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میٹنگوں کا مقصد اُن کی تجاویز اور تشویش کو سننا تھا۔x

## WB Accused

مغربی بنگال سرکار نے ووٹر لسٹ میں بے ضابطگیوں کیلئے پانچ افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہے۔ دو WBCS افسران سمیت چار افسران کو معطل کردیا گیا ہے۔ ریاستی سکریٹیریٹ Nabanna کے انتظامیہ کے ذرائع کے مطابق ایک کنٹریکچوئل ڈاٹا انٹری آپریٹر کو معطل کرنے کے علاوہ، اُس کے خلاف ایک FIR بھی

درج کی گئی ہے۔ اُن کے خلاف یہ تادیبی کارروائی انتخابی کمیشن کے حکم پر کی گئی ہے۔ البتہ کمیشن کے احکامات کے مطابق تمام افسران کے خلاف FIRs درج نہیں کی گئی ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ریاست کے چیف سکریٹری منوج پنت نے حال ہی میں دلّی میں کمیشن کی مکمل بینچ سے ملاقات کی تھی اور اِن حکام کے خلاف آج کے دن تک تادیبی کارروائی کرنے کا وعدہ کیا تھا۔x

## Vaishnaw Special Train

ریلوے نے دیوالی اور چھٹ تہواروں کے دوران مسافروں کی سہولت کیلئے 12ہزار سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے یہ بھی اعلان کیا کہ اُن مسافروں کو، جو 13سے 26اکتوبر کے دوران کہیں جانے کا سفر اور 17نومبر سے یکم دسمبر کے درمیان واپسی کا سفر کریں گے، اُنھیں واپسی کے ٹکٹوں پر 20فیصد کی رعایت دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اِس پہل کو تہواروں کے اِس سیزن کے دوران نافذ کیا جائے گا اور اِس سے بڑی تعداد میں لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اِس بات کا فیصلہ بہار کے نائب وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری، رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر سنجے جیسوال، مرکزی وزیر للن سنگھ اور رکن پارلیمنٹ سنجے کمار جھا کے ساتھ تبادلہ خیال کرنے کے بعد کیا گیا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ گیا سے دلّی، سہرسا سے امرتسر، چھپرا سے دلّی اور مظفر پور سے حیدرآباد کیلئے چار نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ انھوں نے کہا کہ بھگوان بدھ سے تعلق رکھنے والے اہم مقامات کا احاطہ کرتے ہوئے ایک نئی سرکٹ ٹرین بھی چلائی جائے گی۔x

## Saudi Arabia

سعودی عرب کی حج اور عمرے سے متعلق وزارت نے آج نُسک عمرہ پلیٹ فارم شروع کیا ہے، جس سے عمرے کے ویزا کی درخواست دینے والے بین الاقوامی زائرین ثالثیوں کے بغیر درخواست دے سکیں گے اور آن لائن سروسز بُک کرسکیں گے۔ umrah.nusuk.sa پر دستیاب یہ خدمات، زائرین کو اپنی سہولت کے مطابق زیارت کے آپشنز فراہم کرتی ہیں، جس میں ویزا، رہائش، ٹرانسپورٹ اور ٹور کی سہولت شامل ہیں۔ یہ Travel ایجنٹ کے موجودہ چینلوں کی تکمیل کرتی ہیں اور اِن کا مقصد عمرہ کے سفر کو مزید چست درست کرنا ہے۔ یہ اسکیم، مسلمان زائرین تک رسائی کی سہولت فراہم کرتی ہے اور ڈیجیٹل Solutions کے ذریعے زیارت کی جدید کاری کرتی ہے اور اِس طرح اِن سے سعودی وژن 2030 کو حمایت ملتی ہے۔x

## Khelo India Water Sports Festival

پہلا سہ روزہ کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول کا آغاز آج سے جموں وکشمیر میں سری نگر کی خوبصورت ڈل جھیل میں ہوا۔ بھارت کی کھیل کود کی اتھارٹی اور جموں وکشمیر اسپورٹ کونسل کے ذریعے مشترکہ طور پر منعقدہ یہ کھیل کود مقابلے جموں وکشمیر کی ثقافت اور ماحولیات کی تقریبات منانے کے طور پر منعقد کئے جارہے ہیں۔ کھیلو انڈیا واٹر

اسپورٹس فیسٹیول کا Mascot، ہمالین کنگ فشر سے لیا گیا ہے جو ایڈونچر، توانائی اور قدرت کے ساتھ گہری وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔ 36ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 500سے زیادہ کھلاڑی Kayaking،Rowing اور Canoeing جیسے کھیلوں کے لیے مقابلہ آرائی کریں گے۔

سری نگر کے شیر کشمیر بین الاقوامی کنونشن مرکز SKICC میں افتتاحی تقریب میں، نوجوانوں کے امور کی وزیر مملکت Raksha Nikhil Khadse اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے مہمانِ خصوصی کے طور پر جبکہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور جموں وکشمیر کے کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے مہمانِ اعزازی کے طور پر شرکت کی۔ پہلے روز مختلف زمروں میں تین کھلاڑیوں نے، آخری خبریں موصول ہونے تک، تین سونے کے تمغے جیتے۔ کشمیر کے محسن علی نے ایک ہزار میٹر Kayaking مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا، اڈیشہ کی رَشمیکا ساہو نے ایک ہزار دو سو میٹر Canoeing مقابلے میں خواتین کے زمرے میں جبکہ اترپردیش کے وِشال کمار نے مردوں کے ایک ہزار میٹر Canoeing مقابلے میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔x

## SPORTS SHOOTING

قزاقستان کے Shymkent میں منعقدہ ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ میں Arjun Babuta، رودرانکش پاٹل اور کرن جادھو پر مشتمل بھارت کی مردوں کی ایئر رائفل ٹیم نے 10میٹر ایئر رائفل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت لیا ہے۔ تینوں نشانے بازوں نے مجموعی طور پر ایک ہزار 892اعشاریہ پانچ پوائنٹ اسکور کئے جب کہ Li Xianhao، Lee Dingke اور Wang Honghao پر مشتمل چین کی ٹیم نے ایک ہزار 889اعشاریہ دو پوائنٹ اسکور کیے۔ اِس دوران مانسی رگھوونشی نے خواتین کے جونیئر اسکیٹ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ یشسوی راٹھور نے ایک– دو کے مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ مانسی نے 53شاٹس کے ساتھ خطاب حاصل کیا ، جب کہ یشسوی نے 52شاٹس لگا کر قازقستان کی Lidiya Basharova کو ہرایا اور دوسرا مقام حاصل کیا، جنہوں نے 40شاٹ کا اسکور کیا تھا۔

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے 23اگست تک پورے شمالی گجرات میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اروناچل پردیش، آسام، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، سکّم، تریپورہ، مغربی بنگال، مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش کے برفیلے مقامات پر شدید ے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق بہار، چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، اترپردیش، اتراکھنڈ، مغربی راجستھان، کونکن، گوا، اور اوڈیشہ میں بھی آج بارش ہونے کی امید ہے۔ محکمۂ موسمیات نے جموں وکشمیر، لداخ، بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکّم کے برفیلے مقامات پر گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆